رسالہ الروح فی القرآن ۔ اور المعراج فی القرآن ، صفحات :۔ ۱۲۶ ۔ قیمت ۳/۷۵ روپے

۳ :۔ **فلسفۂ نماز :۔** قاری محمد طیب قاسمی اسلام کی جامع ترین عبادت ۔ نماز نہایت عجیب وغریب حکیمانہ اور فاضلانہ افادات ۔ آخر میں امام غزالیؒ کے آداب نماز کا ترجمہ صفحات :۔ ۱۶۰ ، قیمت :۔ ۴/۲۵ روپے

۴ :۔ **مسلمانوں کی فرقہ بندیوں کا افسانہ :۔** علامہ مناظر احسن گیلانیؒ کی مشہور تصنیف ۔ حدیثِ افتراق امت اور دیگر مسائل پر مولانا کی نکتہ آفرینیاں ہے

قیمت :۔ ۵/۵۰ روپے ۔

مجلّہ "علم وآگہی" :۔ برصغیر پاک وہند کے علمی ، ادبی اور تعلیمی ادارے (حصہ دوم)

ترتیب :۔ ابو سلمان شاہجہانپوری / امیر الاسلام صدیقی ۔

ناشر :۔ گورنمنٹ نیشنل کالج شہید ملت روڈ کراچی ۔

طباعت :۔ عمدہ صفحات :۔ ۵۰۴

"علم وآگہی" ۔ گورنمنٹ نیشنل کالج کراچی کے طلبہ کا مجلہ ہے جو ہر سال ایک بار شائع ہوتا ہے ۔ گزشتہ سال زیر تبصرہ اشاعت کا پہلا حصہ شائع ہوا تھا ۔ اور علمی حلقوں میں اس کی خاطر خواہ پذیرائی ہوئی ۔ اس سال دوسرے حصہ میں کم وبیش ساڑھے تین سو علمی ، ادبی ، ثقافتی اور تاریخی اداروں کا تعارف پیش کیا گیا ہے ۔

گورنمنٹ نیشنل کالج کے اساتذہ اور طلبہ نے تدریسی فرائض کے ساتھ ساتھ یہ ایسا اہم کام انجام دیا ہے کہ علمی دنیا میں ہمیشہ یادگار رہے گا ۔ بلاشبہ یہ اہم اشاعت "کتابِ حوالہ" ثابت ہوگی مرتبین نے "پیش گفتار" میں بجا طور پر لکھا ہے ۔

"یہ بات بلا خوف تردید کہی جاسکتی ہے کہ برصغیر پاک وہند کے علمی ، ادبی ، تعلیمی ثقافتی اور شخصیاتی علمی اداروں کے بارے میں اتنا بڑا ذخیرہ ہندوستان یا پاکستان کی کسی زبان میں کسی کتاب یا رسالے میں ایک جگہ موجود نہیں ۔"

اس اشاعت کی اہمیت کے پیش نظر اور تجاویز پیش کی جاتی ہیں :۔

۱ :۔ دونوں حصوں پر نظر ثانی کی جائے اور اہل علم کی تجاویز اور مشوروں کی روشنی میں واقعاتی اغلاط کی تصحیح ایک ضمیمہ کی صورت میں شائع کی جائے ۔

۲ :۔ بعض بہت ہی اہم ادارے رہ گئے ہیں مثال کے طور پر ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال ،